© rasailojaraid.com



ادارہ

# اخبارُالاحرار

لاہور (یکم اکتوبر۲۰۱۲ء) تحریک ختمِ نبوت کے رہنما اور مجلس احرارِ اسلام پاکستان کے سیکرٹری جنرل عبداللطیف خالد چیمہ نے کہا ہے کہ تحریک تحفظ ناموس رسالت (صلی اللہ علیہ وسلم) جاری ہے اور جاری رہے گی، جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی تعلیمات امن کی ضامن ہیں، امن صرف اور صرف آمنہ کی گود میں ملے گا، اسلامی والہامی احکامات اور مسلم اُمہ کو دہشت گردی سے جوڑنے والے خود انسانیت کے ابدی دشمن ہیں اور دنیا میں درندگی کے مرتکب ہو رہے ہیں، وہ مسجد احرار ماڈل ٹاؤن گجرات میں ایک اجتماع اور ملاقات کے لیے آنے والے مختلف وفود سے اظہار خیال کر رہے تھے، اِس موقع پر ضلعی امیر حافظ ضیاء اللہ ہاشمی، چودھری اللہ رکھا، کاظم اشرف، چودھری محمد ارشد مہدی، قاری احسان اللہ اور دیگر حضرات بھی موجود تھے، عبداللطیف خالد چیمہ نے کہا کہ تحریکیں منظم کرنے کے لیے اولین چیز لوگوں کا سچا جذبہ اور خلوص نیت ہے اور یہ امر بڑا اہم ہے کہ محبت رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) کی موجودہ تحریک نے پوری دنیا کے تمام مسالک کو اپنی لپیٹ میں لے لیا ہے۔ تحفظ ناموس رسالت اور تحفظ ختم نبوت جیسی قدرِ مشترک اتنی مضبوط ہے کہ امت کے تمام طبقات اس پر متفق بھی ہیں اور متحد بھی! انہوں نے کہا کہ اِسی لیے دشمن اِس قدرِ مشترک پر وار کرتا ہے، دشمن کو منہ توڑ جواب دینا ہمارے ایمان کا بنیادی تقاضا ہے جس سے کسی صورت انحراف نہیں کیا جا سکتا۔ عبداللطیف خالد چیمہ نے ضلع حافظ آباد کے گاؤں ’’مانگٹ اونچا‘‘ میں ’’تحفظ ناموس رسالت ریلی‘‘ کو قادیانیوں کی طرف سے روکنے اور غنڈہ گردی کا مظاہرہ کرنے والوں کے خلاف فوری کارروائی کا مطالبہ کیا اور کہا کہ قادیانی پوری دنیا میں یہود و نصاریٰ کے ساتھ کھڑے ہیں، قادیانی اب بھی اکھنڈ بھارت کے لیے کام کر رہے ہیں، جبکہ حکومت امتناع قادیانیت ایکٹ پر عمل درآمد نہیں کر رہی۔ انہوں نے وفاقی وزیر ریلوے حاجی غلام احمد بلور اور وفاقی وزیر مملکت برائے دفاع سردار سلیم حیدر خاں کے توہین رسالت کے مرتکبین بارے خیالات اور بیانات کا خیر مقدم کرتے ہوئے اِسے سچے عشقِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے تعبیر کیا اور کہا کہ تمام سیاستدانوں کو مفادات اور خوف سے باہر نکل آنا چاہیے اور دونوں وزراء کی تائید و تقلید کرنی چاہیے، خالد چیمہ نے ناگڑیاں اور کوٹلہ ارب علی خاں کا دورہ بھی کیا بعد ازاں انہوں نے جامعہ اسلامیہ (کامونکی) میں ایک دینی و تربیتی کنونشن میں بھی شرکت کی۔

☆☆☆

چیچہ وطنی (۲؍اکتوبر) مجلس احرارِ اسلام پاکستان کے سیکرٹری جنرل عبداللطیف خالد چیمہ نے ادارہ رحیمیہ لاہور



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کے بانی حضرت شاہ سعید احمد رائے پوری کے انتقال پُر ملال پر تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے مغفرت کی دعا کی ہے۔ خالد چیمہ نے مولانا مفتی عبدالخالق آزاد، مولانا عبدالمتین نعمانی اور مولانا راؤ ارشاد احمد خان سے فون پر تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے حضرت شاہ سعید احمد رائے پوری کی خدمات کو خراج تحسین پیش کیا۔

☆☆☆

چیچہ وطنی (۵/اکتوبر) قائد احرار سید عطاء المہیمن بخاری اور عبداللطیف خالد چیمہ کی ہدایت کے مطابق ملک بھر کی طرح چیچہ وطنی میں بھی مجلس احرار اسلام کے زیر اہتمام احتجاجی سلسلہ جاری رہا اور مجلس احرارِ اسلام پاکستان کے ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات حافظ محمد عابد مسعود نے مرکزی مسجد عثمانیہ ہاؤسنگ سکیم چیچہ وطنی میں نماز جمعۃ المبارک سے قبل پیغمبر اسلام (صلی اللہ علیہ وسلم) کے خلاف توہین آمیز فلم کے خلاف احتجاجی تقریر کی اور مطالبہ کیا کہ یوٹیوب سے اس فلم کو بلا تاخیر ہٹایا جائے۔

<u>روزنامہ ''اوصاف''، محض ایک اخبار نہیں بلکہ ایک صحافتی مشنری ادارہ ہے جو قادیانیوں کے خلاف قلمی جہاد کر رہا ہے</u>

چیچہ وطنی (۵/اکتوبر) روزنامہ ''اوصاف'' لاہور کے دفتر پر حملے کو دہشت گردی قرار دیتے ہوئے سب ڈویژن چیچہ وطنی کے مختلف دینی وسیاسی حلقوں نے شدید الفاظ میں مذمت کی۔ مجلس احرارِ اسلام، جمعیت علماء اسلام، تحریک تحفظ ختمِ نبوت، مجلس خُدام صحابہ، تحریک طلباء اسلام، جمعیت طلباء اسلام اور ختمِ نبوت سٹوڈنٹس جوائنٹ ایکشن کمیٹی کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ روزنامہ ''اوصاف''، محض ایک اخبار نہیں بلکہ ایک صحافتی مشنری ادارہ ہے جو دنیا بھر میں تحریک تحفظ ناموس رسالت (صلی اللہ علیہ وسلم) کی پرامن جدو جہد کا ترجمان مانا اور سمجھا جاتا ہے، مختلف جماعتوں کے رہنماؤں قاری محمد قاسم، حافظ محمد عابد مسعود، حافظ حبیب اللہ چیمہ، پیرجی عزیز الرحمٰن، حاجی محمد یعقوب، رانا احمد نواز، حکیم حافظ محمد قاسم، حافظ حفیظ اللہ گجر، قاضی عبدالقدیر، مرزا صہیب اکرام، محمد قاسم چیمہ نے الگ الگ بیانات میں روزنامہ ''اوصاف'' کے لاہور دفتر پر حملے کو صحافت پر حملے سے تعبیر کرتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ ملزمان کو بلا تاخیر گرفتار کر کے کیفر کردار تک پہنچایا جائے۔ اِن رہنماؤں نے کہا کہ ہم مہتاب خان کے جرأت مندانہ صحافتی کردار کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے اعلان کرتے ہیں کہ عقیدۂ ختمِ نبوت کے دشمنوں مرزائیوں سے ''اوصاف'' نے جو قلمی جہاد شروع کر رکھا ہے مسلمانوں کے تمام مکاتب فکر اُسے تحسین وقدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔

☆☆☆

لاہور (۶/ اکتوبر) تحریک ختمِ نبوت کے رہنما اور مجلس احرارِ اسلام پاکستان کے سیکرٹری جنرل عبداللطیف



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



خالد چیمہ نے کہا ہے کہ بُعد المشر قین رکھنے والی پیپلز پارٹی اور ن لیگ نگران وزیر اعظم کے لیے ’’عاصمہ جہانگیر‘‘ کے نام پر اندرونِ خانہ متفق ہیں۔ جس سے معلوم یہ ہوتا ہے کہ مذکورہ دونوں جماعتیں امریکی و عالمی ایجنڈے کے ماتحت ہی کام کررہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ قرار داد مقاصد، قانون توہین رسالت صلی اللہ علیہ وسلم اور آئین کی اسلامی دفعات کے خلاف برسر پیکار عاصمہ جہانگیر اور اُن کا ہیومن رائٹس کمیشن عوام اور دینی حلقوں میں خاصا متنازعہ ہے اور عاصمہ جہانگیر قادیانیوں کی وکالت کے لیے مشہور ہیں اس لیے محبِّ وطن سیاسی حلقوں اور دینی جماعتوں کو عاصمہ جہانگیر کی ممکنہ نگرانی وزیر اعظم کے لیے نامزدگی کو مسترد کرنا چاہیے۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ دینی جماعتوں کو عاصمہ جہانگیر کی نامزدگی کو مسترد کرنے میں کسی ہچکچاہٹ سے کام نہیں لینا چاہیے۔ علاوہ ازیں عبداللطیف خالد چیمہ نے سینٹ کی ’’مجلس قائمہ برائے قومی ہم آہنگی‘‘ کی طرف سے رمشا مسیح کیس میں غیر ملکی امداد سے چلنے والی بعض این جی اوز کے کردار کو شدید تنقید کا نشانہ بنانے کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ اللہ کا شکر ہے کہ مقتدر حلقوں کو بھی پتہ چل گیا کہ غیر ملکی این جی اوز ہمارے تشخص کے ساتھ کون سا خطرناک کھیل کھیل رہی ہیں۔

☆☆☆

بورے والا (۱۲/اکتوبر) تحریک ختم نبوت کے رہنما اور مجلس احرارِ اسلام پاکستان کے سیکرٹری جنرل عبداللطیف خالد چیمہ نے بورے والا کے قریب نوشہرہ جملیرا کی جامع مسجد میں ’’تحفظ ناموس رسالت (صلی اللہ علیہ وسلم) کانفرنس‘‘ سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ عالمِ کفر اسلامی تعلیمات کے تیزی سے پھیلاؤ سے گھبرا کر دہشت گردی اور توہین انسانیت پر اتر آیا ہے، توہین رسالت کے مرتکبین دنیا کے امن کو تباہ کرنا چاہتے ہیں۔ اسلام دہشت گردی کی مکمل نفی کرتا ہے، انہوں نے کہا کہ ملالہ یوسفزئی اور دیگر طالبات پر حملہ ہر لحاظ سے قابلِ مذمت بلکہ قابلِ نفرت ہے۔ خالد چیمہ نے کہا کہ ملالہ کے ساتھ زخمی ہونے والی دو طالبات شازیہ اور کائنات کا کیا قصور ہے کہ اُن کو نظر انداز کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملالہ پر حملہ کی منصوبہ بندی سی آئی اے نے کی اور حملہ بلیک واٹر نے کیا تا کہ شمالی وزیرستان میں آپریشن کا جواز مہیا ہو سکے جو بدترین انسانیت دشمنی کا مظہر ہے، انہوں نے کہا کہ کہا جا رہا ہے کہ حملہ آور گُنڑ سے آئے، لیکن آپریشن شمالی وزیرستان میں کرنے کی راہ ہموار کی جارہی ہے؟ انہوں نے کہا کہ وفاقی وزیر داخلہ عبدالرحمٰن ملک کو شامل تفتیش کرنے کی ضرورت ہے کیونکہ وہ کہہ رہے ہیں کہ ان کے علم میں ہے کہ دہشت گرد ایک ہفتہ سے سوات میں کن کن مقامات پر مقیم رہے! بعد ازاں محمد طارق جوئیہ کی رہائش پر دینی جماعتوں کے کارکنوں سے خطاب میں عبداللطیف خالد چیمہ نے کہا کہ مولانا فضل الرحمٰن نے ٹھیک کہا ہے کہ علماء سے ملالہ پر حملے کی مذمت کا کہنے والے خود قاتل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عافیہ



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



صدیقی امریکی قید میں ہے اور ڈرون حملوں میں ملالہ سے بھی کم عمر کی بچیاں اور بچے دن رات ہلاک ہو رہے ہیں! ہم نہیں کہتے کہ ڈرون حملے ملالہ پر حملے کا جواز ہیں لیکن سوال کرنے کا اِنسانی حق ہم رکھتے ہیں کہ چیخنے والے اپنی غیر جانبداری اور انسان دوستی کو یقینی بنائیں اور سب بے گناہوں کے قاتلوں کو کٹہرے میں لائیں، اِس موقع پر صوفی عبدالشکور احرار، محمد نوید طاہر، اللہ بخش اور دیگر حضرات بھی موجود تھے۔

☆☆☆

لاہور (۶/اکتوبر) اسلام، قرآن کریم اور جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے خلاف امریکی و مغربی ممالک کی توہین آمیز مہم کے خلاف مجلس احرارِ اسلام پاکستان اور تحریک تحفظ ختم نبوت نے گزشتہ روز بھی احتجاجی سلسلہ کو جاری رکھا، قائد احرار سید عطاء المہیمن بخاری، پروفیسر خالد شبیر احمد، عبداللطیف خالد چیمہ، سید محمد کفیل بخاری، مولانا محمد مغیرہ، قاری محمد یوسف احرار، میاں محمد اویس، حافظ محمد عابد مسعود اور دیگر رہنماؤں نے اپنے احتجاجی خطابات اور بیانات میں کہا کہ تحفظ ناموس رسالت صلی اللہ علیہ وسلم کی مقدس تحریک قیامت تک جاری رہے گی۔ قانون تحفظ ناموس رسالت صلی اللہ علیہ وسلم کے مرتکبین ازلی و ابدی بد بخت اور جہنمی ہیں۔ قائد احرارِ سید عطاء المہیمن بخاری اور عبداللطیف خالد چیمہ نے کہا کہ آئندہ جمعتہ المبارک کو بھی ملک گیر احتجاج ہوگا، علاوہ ازیں متحدہ تحریک ختم نبوت رابطہ کمیٹی پاکستان کے قائدین مولانا زاہد الراشدی، مولانا محمد الیاس چنیوٹی، عبداللطیف خالد چیمہ، مولانا عبدالرؤف فاروقی، ڈاکٹر فرید احمد پراچہ، مولانا شمس الرحمٰن معاویہ، رانا محمد شفیق خاں پسروری اور مرزا محمد ایوب بیگ نے کہا ہے کہ تحفظ ناموس رسالت صلی اللہ علیہ وسلم مسلمانوں کی شہ رگ ہے اور ایمانی تقاضے اور دینی غیرت کا مظاہرہ ہمارا شیوہ ہے ہم اس جدو جہد پر قربان ہونے کی سعادت دارین کی کامیابی سمجھتے ہیں۔ ختمِ نبوت رابطہ کمیٹی کے قائدین نے کہا کہ قادیانی کائنات کے بدترین گستاخ رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) ہیں۔ اِن کے بارے آئین میں درج قوانین پر عمل درآمد نہ کروانا اور چناب نگر (ربوہ) میں حکومتی رٹ قائم نہ کرنا قادیانی اِرتداد کی آبیاری کرنے کے مترادف ہے، دستور پاکستان سے انحراف کا پہلا وار قادیانیوں نے کیا اور قادیانی ہر اسلام دشمن تحریک کے پیچھے نظر آتے ہیں یہ الگ بات ہے کہ حکومت اور سیاستدان قادیانیوں کی اینٹی پاکستان سرگرمیوں کو مسلسل نظر انداز کر رہے ہیں۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ یوٹیوب سے توہین آمیز فلم بلا تاخیر ہٹائی جائے، علاوہ ازیں مجلس احرارِ اسلام پاکستان کے سیکرٹری جنرل عبداللطیف خالد چیمہ نے کہا ہے کہ اخباری اطلاعات کے مطابق ''اسامہ کے خلاف آپریشن کے وقت فضائیہ کے آپریشنل اثاثے گراؤنڈ کر دیئے گئے اور تمام راڈار بند کر دیئے گئے'' پوری قوم کے لیے حیران کن اور ملکی سلامتی کے اداروں کے لیے ایک اہم سوالیہ نشان ہے۔ خالد چیمہ نے کہا کہ امریکی ڈرون حملوں سے اپنے بے



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



گناہ شہریوں کو مروانے والی حکومت اور ذمہ داران کو خون کے ایک ایک قطرے کا حساب دینا پڑے گا، انہوں نے روسی وزیر خارجہ کی طرف سے پاکستان میں امریکی ڈرون حملوں کو غیر قانونی قرار دیئے جانے سے متعلق بیان کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کو آزاد خارجہ پالیسی اپنا کر امریکی تسلط سے نکلنے کی ضرورت ہے تا کہ پاکستان حقیقی معنوں میں ایک آزاد اور اسلامی فلاحی ریاست بن سکے۔

☆☆☆

چیچہ وطنی (۶/ اکتوبر) جامعۃ الرشید کراچی کے ذیلی شعبہ حلال فاؤنڈیشن پاکستان کے مفتیان کرام اور ریسرچرز نے کہا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے سود کو حرام قرار دیا اور تجارت کی اجازت دی جس میں خیر و برکت عطاء فرمائی ہے۔ عالم کفر ہمارے معاملات اور لین دین میں اس حد تک دخیل ہے کہ ہمیں اپنا رزق حلال تلاش کرنا مشکل ہوتا جا رہا ہے۔ مجلس احرار اسلام چیچہ وطنی کے تعاون سے حلال فاؤنڈیشن پاکستان کے زیر اہتمام مجلس احرارِ اسلام پاکستان کے سیکرٹری جنرل عبداللطیف خالد چیمہ کی زیر صدارت مرکزی مسجد عثمانیہ ہاؤسنگ سکیم چیچہ وطنی میں منعقدہ ''حلال آگہی سیمینار'' سے حلال فاؤنڈیشن (رجسٹرڈ) پاکستان کے مسئول مولانا مفتی محمد نعیم شاہد نے اپنے لیکچر میں کہا کہ ہمیں اس بات تک مکمل رسائی و آگاہی ہونی چاہیے کہ ہم جو چیز کھا پی رہے ہیں وہ کس حد تک حلال ہے اور ملٹی نیشنل کمپنیوں نے خورد ونوش اور میک اپ کی مصنوعات میں جو اجزائے ترکیبی خود وضع کیے ہیں ان میں خطرناک حد تک حرام اجزا کی ریشو کیا ہے؟ انہوں نے کہا کہ حدیث مبارک کی روشنی میں حلال کی طلب ہر مسلمان پر ضروری ہے، انہوں نے کہا کہ حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ سے کسی نے پوچھا کہ آپ کی دعائیں کیوں قبول ہوتی ہیں تو انہوں نے فرمایا! ''میں اپنے منہ میں کوئی بھی لقمہ یہ جانے بغیر نہیں ڈالتا کہ یہ کہاں سے آیا ہے یعنی حرام ہے یا حلال!'' مفتی سید عارف علی شاہ نے کہا کہ دین وتجارت دو الگ الگ شُعبے نہیں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عام تصور کے برخلاف معاملات کے بارے میں بھی اسلام کی واضح ہدایات ہیں کیونکہ اسلام ایک مکمل ضابطۂ حیات ہے یہ جس طرح عقائد واخلاق اور عبادت کی تعلیم دیتا ہے بالکل اِسی طرح مالی معاملات میں بھی بھرپور رہنمائی کرتا ہے انہوں نے کہا کہ یہ اسلامی معاشی تعلیمات سے دوری کا فطری نتیجہ ہے کہ ہمارا معاشرہ معاشی بدحالی، استحصال اور بدامنی جیسی خرابیوں کا بری طرح شکار ہے کیونکہ یہ سب دولت کی غیر منصفانہ تقسیم کی کوکھ سے جنم لیتی ہیں۔ سیمینار سے شرعیہ ریسرچ ڈیپارٹمنٹ پاکستان کے انچارج مولانا مفتی سید عابد شاہ اور شعبہ کنسلٹینسی سروسز کے کوارڈی نیٹر مولانا مفتی سجاد حسین ظفر نے بھی خطاب کیا اور اپنے اپنے موضوعات پر تجزیہ پیش کیا۔ عبداللطیف خالد چیمہ نے اپنے خطاب میں کہا کہ دجالی تہذیب کی تباہ کاریوں سے امت مسلمہ کو بچانے کے لیے جامعۃ الرشید کراچی کا کردار ہمارا



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



دینی وقومی اور معاشرتی اثاثہ ہے، تلاوت قرآن کریم کی سعادت حکیم حافظ محمد قاسم نے حاصل کی ،جبکہ مجلس احرارِ اسلام پاکستان کے ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات حافظ محمد عابد مسعود نے نقابت کے فرائض انجام دیئے ۔ سیمینار میں پراجیکٹر کی مدد سے لوگوں کو اِنتہائی مفید معلومات بہم پہنچائی گئیں اور زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والی شخصیات اور افراد نے بڑی تعداد میں شرکت کی آخر میں سوال وجواب کی مفید نشست بھی منعقد ہوئی ، یہ اجتماع مفتی ذکاء اللہ کی دعا سے اختتام پذیر ہوا، اگلے روز ۷/اکتوبر بروز اتوار کو حلال فاؤنڈیشن کے اس وفد نے مولانا ذکاء اللہ کی میز بانی میں دارالعلوم ساہیوال میں نو بجے صبح ساہیوال ڈویژن کے علماء کرام کو بریفنگ دی جبکہ بعد نماز مغرب ایک ہال میں ''حلال آگہی سیمینار'' منعقد ہوا جس میں زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے حضرات نے بڑی تعداد میں شرکت کی ،مجلس احرارِ اسلام پاکستان کے ناظم اعلیٰ عبداللطیف خالد چیمہ، دارالعلوم ختم نبوت چیچہ وطنی کے صدر مدرس قاری محمد قاسم اور یونیورسٹی سکولز سسٹم کے محمود احمد محمود نے بھی خصوصی طور پر شرکت کی یہ سیمینار جناب قاری منظور احمد طاہر کی دعا کے ساتھ اختتام پذیر ہوا۔

لاہور(۱۶/اکتوبر) مجلس احرارِ اسلام لاہور(شالیمار ٹاؤن) کے امیر حاجی خلیل احمد ۱۶/ اکتوبر کو انتقال کر گئے ،میاں محمد اویس، قاری محمد یوسف احرار اور کارکنانِ احرار نے بھی شرکت کی ۔ مرحوم بابا جی حبیب صاحب کے عزیز تھے ،حضرت امیر مرکزیہ سید عطاء المہیمن بخاری ،سید محمد کفیل بخاری ،عبداللطیف خالد چیمہ نے تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے دعائے مغفرت کی ہے۔

☆☆☆

چناب نگر(۱۵/اکتوبر) پاک انجمن خواتین اسلام لاہور کی خواتین جو رفاہی ودینی کاموں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیتی ہیں اور چناب نگر کی جامع مسجد کے متصل مسلم ہسپتال کی تعمیر میں خوب حصہ لے رہی ہیں، کم وبیش ۱۲ خواتین پر مشتمل ایک وفد نے جماعت کے مرکزی ناظم نشریات میاں محمد اویس کی والدہ محترمہ اور اہلیہ کی معیت میں چناب نگر کا سفر کیا، محترم میاں محمد اویس اِن کے رہبر تھے اِن خواتین اسلام نے پہلی مرتبہ چناب نگر دیکھا میاں محمد اویس صاحب نے معلومات فراہم کیں ،خواتین نے زیرِ تعمیر مسلم ہسپتال کا مشاہدہ کیا، جامع مسجد احرار میں محترم مولانا محمد مغیرہ نے صورتحال سے اِن کو بریف کیا، اِس موقع پر خواتین نے چناب نگر کے دینی ورفاہی مراکز اور ان کی تعمیر وترقی میں گہری دلچسپی ظاہر کی ، جماعت کے مرکزی سیکرٹری جنرل عبداللطیف خالد چیمہ نے کہا ہے کہ ہماری قابلِ احترام ماؤں ، بہنوں اور بیٹیوں کی چناب نگر کے قدیمی مسلم مرکز میں آنا نہایت ہی خوش آئند ہے ، ہم امید کرتے ہیں کہ پاک انجمن خواتین اسلام چناب نگر میں مسلم اداروں کی خصوصی سرپرستی فرمائیں گی۔



© rasailojaraid.com